ptcl

## ڈاک کے ذریعے اور الیکٹرانک ذرائع سے ووٹنگ کے متعلق اراکین کے لیے نوٹس

20 نومبر 2025 کو صبح 11:00 بجے منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) کے نوٹس کے سلسلے میں، اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور S.R.O. 451(I)/2025 مورخہ 13 مارچ 2025 کے تحت، یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ خصوصی کاروباری قراردادوں پر رائے دہی کرنے والے ممبران کو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں وضع کردہ تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق اپنے ووٹ کا حق پوسٹل بیلٹ، یعنی ڈاک کے ذریعے یا الیکٹرانک طریقہ سے استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا مفصل طریقہ کار بیلٹ پیپر پر فراہم کیا گیا ہے، جبکہ الیکٹرانک ووٹنگ کے لیے ہدایات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کی طرف سے ممبران کو علیحدہ طور پر فراہم کی جائیں گی۔

براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ خصوصی کاروبار کے تحت آنے والے آئٹمز کے لیے جنرل میٹنگ میں ہاتھ اٹھا کر ووٹنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔ تاہم، وہ ممبران جو الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے پیشگی ووٹ نہیں ڈالیں گے، انہیں جنرل میٹنگ میں صرف بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ پیپر**

پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاس عام میں پول کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر جو جمعرات، 20 نومبر 2025 کو صبح 11:00 بجے پی ٹی سی ایل نیسٹ آفس، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد میں منعقد ہوگا نیز ویڈیو لنک کے ذریعے بھی منعقد کیا جائے گا تاکہ درج ذیل کاروبار انجام دیا جا سکے :

## چیئرمین سے رابطے کی تفصیلات، جہاں بیلٹ پیپر بھیجا جا سکتا ہے

**کاروباری پتہ : چیئرمین، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ، کمرہ نمبر 100، بلاک-E، پی ٹی سی ایل نیسٹ آفس، سیکٹر G-8/4، اسلام آباد۔**

**برائے توجہ : کمپنی سکریٹری**

**متعلقہ ای میل ایڈریس** company.secretary@ptclgroup.com

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر / مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| شیئر ہولڈر(ز) کا رجسٹرڈ پتہ | |
| موجودہ شیئرز کی تعداد | |
| فولیو نمبر / شرکاء یا سرمایہ کار کا اکاؤنٹ نمبر | |
| شناختی کارڈ نمبر / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی ہونے کی صورت میں کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور/یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

| |
|---|
| **پول کے لیے ہدایات** |
| 1. براہ کرم اپنے ووٹ کا اظہار متعلقہ باکس میں ٹِک (✓) لگا کر کریں۔ |
| 2. اگر دونوں باکسز میں ٹِک (✓) لگائی گئی ہو تو آپ کا بیلٹ پیپر "مسترد شدہ" سمجھا جائے گا۔ |
| میں/ہم ذیل میں دی گئی قرارداد کے سلسلے میں اپنا ووٹ بیلٹ کے ذریعے استعمال کرتے ہیں اور نیچے دیے گئے مناسب خانے میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر قرارداد پر میری/اپنی رضامندی یا اختلاف رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ |

| سیریل نمبر | خصوصی کاروباری قرارداد | میں/ہم قرارداد کی حمایت کرتا/کرتے ہیں (حمایت میں) | میں/ہم قرارداد کی مخالفت کرتا/کرتے ہیں (مخالفت میں) |
|---|---|---|---|
| 1. | مندرجہ ذیل قراردادوں پر غور وخوض کرنا اور اگر ممکن ہو تو کسی تبدیلی کے بغیر یا تبدیلی کے ساتھ ان کی خصوصی قراردوں کی حیثیت سے منظوری دینا۔<br>i۔ یہ طے پایا کہ 14 دسمبر 2023 کو ٹیلی نار پاکستان بی وی (ٹی پی بی وی) سے شیئرز (حصص) کی خریداری کے معاہدے کی درج ذیل تفصیلات کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) کو قابل اطلاق قوانین اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن بالخصوص آرٹیکل 38.3 کے تحت ٹیلی نار پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ٹی پی ایل) اور اورین ٹاورز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 100 فیصد شیئرز حاصل کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔<br>الف) ٹیلی نار بی وی (بطور فروخت کنندہ) کے پاس موجود ٹیلی نار پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ٹی پی ایل) کے 8,512,110,269 شیئرز اور ایک (1) شیئر جو اس کے نامزد شیئر ہولڈر کے پاس ہے۔<br>ب) فروخت کنندہ کے پاس اورین ٹاورز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 49,997 شیئرز اور (3) شیئرز جو اس کے نامزد شیئر ہولڈر کے پاس ہیں۔ جو کہ دونوں ہدف کمپنیوں ٹیلی نار پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ٹی پی ایل) اور اورین ٹاورز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے 100 فیصد اثاثے اور واجبات ہیں۔<br>ii۔ مزید یہ طے پایا کہ پی ٹی سی ایل کو 27 جون 2024 کے مشترکہ شرائط کے معاہدے اور لین دین کی دستاویزات میں طے کی گئیں شرائط اور ضوابط کے تحت انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی)، سلک روٹ فنڈ (ایس آر ایف)، برٹش انٹرنیشنل انویسٹمنٹ (بی آئی آئی) اور کسی دوسرے قرض دہندہ سے 40 کروڑ امریکی ڈالرز کی مالی سہولت حاصل کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔<br>iii۔ مزید برآں، ٹی پی ایل اور اس کے اثاثوں اور اورین ٹاورز کے 100 فیصد شیئرز کے حصول اور 40 کروڑ امریکی ڈالرز تک کی مالی سہولت کے لئے پی ٹی سی ایل کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے پہلے منظور کی گئی تمام قراردادوں اور (i) 23 جنوری 2023 کو منعقدہ 235 ویں اجلاس، (ii) 29 اگست 2023 کو منعقدہ 239 ویں اجلاس، (iii) 13 دسمبر 2023 کو منعقدہ 242 ویں اجلاس اور (iv) مئی 2024 میں بذریعہ سرکولیشن منظور کی گئی قراردادوں کی منظوری، تصدیق اور توثیق کی جاتی ہے۔ مذکورہ عمل کو آگے بڑھانے کے لئے کئے گئے تمام فیصلوں اور دستاویزات کی تیاری، کئے گئے اقدامات، طلب کی گئی اجازتوں اور فائلنگ سے متعلق پی ٹی سی ایل بورڈ آف ڈائریکٹرز کے کسی بھی یا تمام اقدام و عمل سے اتفاق کیا جاتا ہے۔ اس کا اختیار منظوری تصدیق اور توثیق کی جاتی ہے۔<br>iv۔ یہ بھی طے کیا گیا کہ پی ٹی سی ایل بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 14 دسمبر 2023 میں کئے گئے شیئرز خریداری معاہدے (ایس پی اے) کے مطابق ٹی پی ایل اور اس کے دیگر اثاثوں اور اورین ٹاورز کے 100 فیصد شیئرز کے حصول کے لیے تمام فیصلے کرنے، شرائط وضروریات کی تکمیل، منظوریوں اور اجازت کے حصول بشمول پی ٹی سی ایل کے کسی بھی ملازم یا دیگر متعلقہ افراد کو نوٹس دینے، مطلوبہ دستاویزات پر عمل متعلقہ کارپوریٹ یا ریگولیٹری حکام کی ہدایات، شرائط یا تقاضوں کی تکمیل سے متعلق کسی بھی عمل یا اقدام کا پورا اختیار ہے اور رہے گا۔ پی ٹی سی ایل بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار ہوگا کہ جہاں ضروری سمجھیں گے وہاں اپنی صوابدید کے مطابق معاملے کو آگے بڑھانے کے لئے قانونی معاون مشیر یا کونسلز مقرر کر کے انہیں اختیارات تفویض کر سکتے ہیں۔ | | |

______________________

**شیئر ہولڈر(ز) / پراکسی ہولڈر / مجاز دستخط کنندہ کے دستخط**

**جگہ :**______________________ **تاریخ :**______________________

## نوٹس / بیلٹ پیپر جمع کرانے کے لیے طریقہ کار

1. مکمل بھرا ہوا اور دستخط شدہ اصل پوسٹل بیلٹ چیئرمین کے پاس مندرجہ بالا پوسٹل یا ای میل پتے پر بھیجا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / پاسپورٹ (غیر ملکی ممبر کی صورت میں) کی کاپی منسلک کی جائے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارم چیئرمین کے پاس 19 نومبر 2025 تک دفتری اوقات میں (یعنی شام 5:00 بجے تک) پہنچ جانا ضروری ہے۔ اس تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے شمار نہیں کیے جائیں گے۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / پاسپورٹ (غیر ملکی ممبر کی صورت میں) پر موجود دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔
5. نامکمل، بغیر دستخط، غلط، خراب، پھٹے ہوئے، مسخ شدہ اور اوور رائٹ شدہ بیلٹ پیپر مسترد کر دیے جائیں گے۔
6. باڈی کارپوریٹ یا کارپوریشن کے نمائندے کی صورت میں، پوسٹل بیلٹ کے ساتھ مجاز شخص کا CNIC اور بورڈ ریزولوشن، پاور آف اٹارنی یا اختیار نامہ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا لازمی ہے جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 138 یا 139 کے تحت قابل اطلاق ہے، جب تک کہ یہ پہلے پراکسی فارم کے ساتھ جمع نہ کروائے گئے ہوں۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ کی صورت میں تمام دستاویزات پاکستانی قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہونی چاہئیں جو ممبر کے دائرہ اختیار میں ہو۔
7. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ https://ptcl.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔ ممبران ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبار میں شائع شدہ اصل / فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔